السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا قرانی دعاؤں کو جمع کے صیغہ سے پڑھا جا سکتا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں قرآنی دعاؤں کو بطور دعا جمع کے صیغوں سے پڑھا جا سکتا ہے، خصوصاً جب امام نماز یا غیر نماز میں دعا کروا رہا ہو اور مقتدی پیچھے آمین کہہ رہے ہوں۔ کیونکہ اس وقت وہ دعا کر رہا ہے قرآن نہیں پڑھ رہا۔ جیسے (رب زدنی علما) کو (ربنا زدنا علما) کہنا وغیرہ۔ کیونکہ اگر وہ مفرد کے صیغے استعمال کرتا ہے تو اس میں مقتدیوں کی محرومی ہے، جو ان کے ساتھ ناانصافی ہے۔

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ فرماتے ہیں۔

"واذا کان المأموم مؤمنا علی دعاء الامام فیدعو بصیغة الجمع کما فی دعاء الفاتحة فی قوله : اہدنا الصراط المستقیم فإن المأموم إنما أمن لاعتقاده أن الإمام یدعو لهما جمیعا، فإن لم یفعل فقد خان الإمام المأموم "[الفتاوی : 23/118].

اگر امام کی دعا پر مقتدی آمین کہہ رہا ہو تو امام کو چاہیئے کہ وہ اهدنا الصراط المستقیم کی مانند جمع کے صیغوں سے دعا کرے۔ مقتدی کا خیال ہوتا ہے کہ امام دونوں کے لئے دعا کر رہا ہے، اب اگر وہ ایسے نہیں کرتا تو مقتدی سے خیانت کرتا ہے۔

لجنہ دائمہ (5/308) اور شیخ صالح العثیمین [فتاوی ورسائل العثیمین : 13/140] کا بھی یہی فتوی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ](#)

جلد 2